Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

ناصر حسین شاہ کی گفتگو پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

پاکستان کو سالہا سال دونوں ہاتھوں سے لوٹ کر اپنی تجوریاں بھرنے والوں کے فرار کا وقت آن پہنچا ہے، ترجمان تحریک انصاف

اقتدار کو بلاشرکت غیر اپنا جائز حق سمجھنے والے جمہوریت اور عوامی فیصلے کی اہمیت کیا سمجھ پائیں گے اسلیئے گریہ وزاری سے جی بہلا رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

جمہوریت کی بات کرنے والی پیپلز پارٹی نے فارم 47 کے زور پر قائم حکومت کے ہر غیر جمہوری و غیر آئینی عمل لو بھرپور تائید وحمایت سونپی، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف اور عمران خان کی 28 سالہ سیاسی جدوجہد پرامن عوامی تحاریک کیلیئے جانی جاتی ہے جبکہ ریاستی املاک پر حملہ آور ہونے والوں کی حقیقت سے بھی قوم واقف ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک کی کمزوری کا راستہ عوام کے اپنے حق کیلیئے آواز اٹھانے سے نہیں بلکہ ان کے حقوق کو غصب کرنے کیلیئے آئین وجمہوریت کے قتل سے ہموار ہوتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوام کو غلام سمجھ کر ان کا استحصال کرنے والوں کو آج ایک جاگی ہوئی قوم نے آئینہ دکھایا تو ان کی ٹانگیں صحیح معنوں میں میں کانپ گئیں، ترجمان تحریک انصاف

جعلی حکومت کے کٹھ پتلی وزراء ودرباری اب رونا دھونا بند کریں اور حقیقی فیصلہ ساز قوم کے ہاتھوں اپنے انجام کی تیاری کریں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ